30/05/2025

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **بصارت غل** سے خبریں سُنئے

وزیر داخلہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کل شام راج بھون جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کی سلامتی صورتحال کا جائزہ لیامیٹنگ میں سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کیلئے کئے جا رہے انتظامات کا بھی جائیزہ لیا گیا۔امت شاہ آج پونچھ کا دورہ کریں گے جہاں وہ پاکستانی شیلنگ سے متاثر ہو ئے افراد سے بات کریں گے۔ وزیر داخلہ جموں کشمیر کے دو روزہ دورے پر کل جموں پہنچے ۔ جموں پہنچنے پرلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ان کا استقبال کیا ۔

ایل جی ملاقات

جموں کی ایک سماجی تنظیم ٹیم جموں کی چیر مین زورآور سنگھ جموال نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کر کے سماجی بہبود کے لئے ٹیم جموں کی جانب سے کئے جا رہے اقدامات کے بارے میں انہیں تفصیلی جانکاری دی ۔

کرشی سنکلپ ابھیان

ملک بھر میں وکست کرشی سنکلپ ابھیان کا آغا ز ہوا ہے جو 12جون تک جاری رہے گا ۔ اس دوران کسانوں کو کاشت کاری کے جدید طریقوں اور اعلیٰ پید ا وار دینے والے بیجوں کی افادیت کے بارے میں روشناس کیا جائے گا۔ملک بھر کے ساتھ ساتھ اس حوالے سے جموں کشمیر میں بھی متعدد پروگراموںکا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز کشمیرمیں کل وکست کرشی سنکلپ یاترا کا انعقادکیا گیا ۔ اس موقعے پر وزیر زراعت جاوید احمد ڈار، زرعی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیرا حمد گنائی، ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر ریحانہ حبیب کنٹھ اور کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔ بعد میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے جاوید احمد ڈار نے کہا۔

............Javid Dar........

جاوید احمد رانا

جنگلات کے وزیر جاوید احمد رانا نے مغل روڑ پر پیر کی گلی کا دورہ کر کے وہاں ہیر پورہ وائلڈ لائف Sanctuary کا معائینہ کیا ۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ جنگلات نے مغل روڑ پر ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے مناسب اقدامات کئے ہیں ۔ اس دوران وزیر موصوف نے بفلیاز سرنکوٹ میں پرنائی پن بجلی پروجیکٹ کی موجودہ صورتحال کا بھی جائزہ لیا ۔

ستیش شرما

خوراک ، سول سپلائیز ، امور صارفین کے وزیر ستیش شرماکے ساتھ مختلف وفود ملاقی ہوئے ۔ وزیر نے وفود کے مسال سن کر ان کے بروقت ازالے کو یقینی بنانے کیلئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا ۔

وفد دورہ

پارلیمنٹ ممبر سنجے کمار جھا کی قیادت میں پارلیمانی وفد نے کل جمہوریہ کو ریا کے اعلیٰ حکام کے ساتھ بات کر کے آپریشن سندور سے متعلق
ا

نہیں جانکاری دی۔ کوریا کی راجدھانی سیول میں قائم بھارتی سفارت خانے کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے ± کہ وفد نے جمہوریہ کوریاکے وزیر خارجہ کے علاوہ سر کردہ ماہرین قانون، دانشوروں اور صحافیوں کے ساتھ بات کر کے
ا

نہیں بھارت کے موقف سے آگاہ کیا۔±

ڈپٹی کمشنر سرینگر

عید الضحیٰ کی تقریبات کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بھٹ نے مختلف تاجر نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ڈی سی موصوف نے تجارتی ایسو سی ایشن کے نمائندوں پر زور دیا کہ وہ ضروری اشیاءکے معیار کو برقرار رکھ کر اس بات کو یقینی بنائےں کہ تمام اجناس حکومت سے منظور شدہ نرخوں پر ہی فروخت کریں ۔

حج

سرینگر سے سفر محمود پر عازمین حج کی روانگی کا سلسلہ جاری ہے ۔ آج بھی دو پروازوں کے ذریعے636 عازمین حج بیت اللہ پر روانہ ہو رہے ہیں ۔آج کی دوسری پرواز کے عازمین کو دوپہر بارہ بجے حج ہاوس سرینگر پہنچنے کے لئے کہا گیا ہے جبکہ پہلی پرواز کے عازمین صبح چھ بجے حج ہاوس پہنچے ۔

منشیات پروگرام

منشیات کے استعمال کے منفی اور تباہ کن اثرات کے بارے میں جانکاری عام کرنے کے لئے محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ اور محکمہ تعلیم کی جانب سے سرینگر میں ایک ثقافتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔ اس موقعہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جوائنٹ ڈائریکٹر انفارمیشن سید شہنواز بخاری نے منشیات کے استعمال کو جڑ سے اکھاڈ پھینکنے کے لئے اجتماعی کوششوں کی ضرورت پر زور دیا ۔ تقریب پر ڈائریکٹر انفارمیشن کے علاوہ دونوں محکموں کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے ۔

شبد

پرسار بھارتی شبد ایک ایسا میڈیا پلیٹ فارم ہے جس کے ذریعے سے ملک کے Content Creators کو مختلف صورتوں میں مواد اور جانکاری فراہم کی جاتی ہے۔ شبد سے استفادہ کرنے والوں صحافیوں اور کریٹرس کی تعداد1ہزار7سو سے

تجاوز کر گئی ہے ۔ شبد ملک کی 13زبانوں کے 50سے زائد زمروں میں متعلقین کو مواد دستیاب کراتا ہے ۔پرسار بھارتی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر متعلقین سے کہا ہے کہ وہ فوٹو گرافس ، ویڈیوز ، انفوگرافکس اور دیگر خبروں کیلئے پر لاگ آن کر سکتے ہیں-shabd.prasarbharti.org

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12 اعشاریہ 3ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ